ilmkidunya
علم کی دنیا

Principles of Economics - ICom Part 1 Principles of Economics Chapter 9 Short Questions Preparation

Q1. خام قومی پیداوار کی تعریف کریں.

Ans 1: کسی ملک میں ایک سال کے دوران پیدا ہونے والی اشیاء و خدمات کے مجموعے کو خام قومی پیداوار کہتے ہیں. اس میں تمام زرعی اشیاء صنعتی اشیاء معدنی اشیاء اور نجی سرکاری و نیم سرکاری اداروں میں کام کرنے والے لوگوں کی خدمات شامل ہوتی ہیں.

Q2. قومی آمدنی کے پانچ عوامل تحریر کریں.

Ans 1: قدرتی وسائل

Ans 2: مصنوعی زرائع

Ans 3: انسانی زرائع

Ans 4: اشیاء سرمایہ

Ans 5: فنی مہارت

Q3. شخصی آمدنی کے تصور کی وضاحت کریں.

Ans 1: اس سے مراد آمدنی ہوتی ہے جو انفرادی طور پر ہر شخص ایک سال کے دوران جو کماتا ہے شخصی امدنی کہلاتا ہے.

Q4. قومی آمدنی کی پیمائش کرنے کے طریقوں کے نام لکھیں

Ans 1: پیداوار کا طریقہ،

Ans 2: آمدنی کا طریقہ

Ans 3: خرچ کا طریقہ

Q5. سرمائے کے فرسودگی الاؤنس سے کیا مراد ہے

Ans 1: اشیاء پیدا کرنے کے لیے مشنیں ، الات و اوزار استعمال ہوتے ہیں. یہ مشینیں الات و اوزار خراب ہوتے رہتے ہیں آوڑ توٹتے پھوٹتے رہتے ہیں- آن کی مرمت کرنی پڑتی ہے ان کی مرمت پر جو اخراجات آتے ہیں آنہیں فرسودگی الاؤنس کہتے ہیں.

Q6. پروفیسر مارشل کے الفاظ میں قومی آمدنی کی تعریف کریں.

Ans 1: "کسی ملک کے افراد اپنے سرمائے کی مدد سے وہاں کے قدرتی وسائل کی استعمال میں لاکر ہر سال اشیاء خدمات کی خاص مقدار پیدا کرتے ہیں یہی اس ملک کی قومی آمدنی کہلاتی ہے.

Q7. پروفیسر پیکو کے الفاظ میں قومی آمدنی کی تعریف کریں.

Ans 1: "قومی آمدنی قوم کی مادی دولت کے اس حصہ پر مشتمل ہوتی ہے جسے زر کے پیمانہ سے ناپا جاتا ہے."

Q8. قومی آمدنی کے مختلف تصورات کون کون سے ہیں.

Ans 1: خآم قومی پیداوار

Ans 2: خالص قومی پیداوار

Ans 3: خام ملکی پیداوار

Ans 4: قومی آمدنی

Ans 5: شخصی آمدنی- فی کس آمدنی

Q9. اعانہ کیا ہوتا ہے.

Ans 1: حکومت کچھ اشیاء ضروریات زندگی کی اشیاء مثلا گھی، آٹا، چینی عوام کو ان کی منڈی کی قمیت سےکم قیمت پر مہیا کرنا چاہتی ہے تو وہ شے فروخت کاروں سے مہنگے داموں خرید کر یوٹیلٹی سٹوروں اور کوآپریٹوں کے زریعے عوام کو سستے داموں فراہم کرتی ہے یعنی اس شے کی اصل قیمت کا کچھ حصہ حکومت ادا کرتی ہے جسے اعادہ کہتے ہیں.

Q10. قومی آمدنی میں آضافہ کب ہوتا ہے.

Ans 1: قومی آمدنی میں اضآفہ اس وقت ہوتاہے جب ملک میں اشیاء و خدمات کی مقدار میں اضافہ ہورہا ہو.